سوال

کیا خاوند کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی جائداد اور بنک بیلنس کے متعلق اپنی بیوی کو بے خبر رکھے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

آدمی کے لیے یہ کوئی ضروری نہیں کہ وہ اپنی بیوی کو اپنی خاص جائداد اور بنک میں موجود رقم کے بارہ میں بتائے ۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ خاوند اور بیوی کے مابین جو محبت و مودت اور صلہ و تعلق ہوتا ہے وہ اس بات کا متقاضی ہے کہ اس معاملہ میں تساہل سے کام لیا جائے اور ہر ایک کو دوسرے کی جائداد وغیرہ اور مال کا علم ہونا چاہیے اور انہیں مال کی تدبیر کرنے اور اسے اللہ تعالی کے راستے اور اس کی رضا کے لیے خرچ کرنے میں ایک دوسرے کا تعاون کرنا چاہیے ۔

واللہ اعلم .

الاسلام سوال و جواب

14511